# والد یا والدہ کی طرف سے اکثر پوچھے جانے والے سوالات FAQ
# طالب علم کی دوسرے طالب علم کی طرف جنسی ہراسانی

**جنسی ہراسانی سے کیا مراد ہے؟**

ٹائٹل IX اور FCPS کی ریگولیشن 2118 کے تحت، جنسی ہراسانی جنسی بنیاد پر کیا جانے والا طرز عمل ہے، جو FCPS کے اسکول میں FCPS کے زیراہتمام سرگرمی، پروگرام یا تقریب کے دوران، کیا جائے اور اس میں درج ذیل ایک یا ایک سے زائد عوامل شامل ہیں:

1. غیر اخلاقی طرزعمل، جو اس قدر شدید، گہرا اور معروضی طور پر ناگوار ہو کہ اس سے کسی طالب علم کے لیئے، FCPS کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی طور پر رسائی سے انکار کیا جا سکتا ہے؛ اور/ یا
2. ڈیٹنگ کے دوران کیا جانے والا تشدد ، گھریلو تشدد، جنسی حملہ یا پیچھا کرنا (FCPS کی ریگولیشن 2118 اور 2601.35P میں، ہر اصطلاح کی خصوصی وضاحت کی گئی ہے)

*جنسی ہراسانی کی مثالیں:*

- طالب علم کو دھمکی دی جاتی ہے، اس کا پیچھا کا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں وہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔
- جان بوجھ کر طالب علم کے کپڑوں کے اندر، اس کے نجی جسمانی حصوں کو ٹٹولا جاتا ہے۔
- اسکول کے اندر یا اسکول کی طرف سے جاری کردہ الیکٹرانک ڈیوائس پر، طالب علم کو سنجیدہ حد تک، مسلسل جنسی طرزعمل کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔

**اگر میرا بچہ جنسی ہراسانی کا شکار ہوتا ہے تو مجھے کسے رپورٹ کرنی چاہیئے؟**

- اسکول کے اندر والی اصلاحات اور مدد کے لیئے، اسکول کے کسی بھی عملے اور/ یا FCPS کے ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر کو titleixcoordinator@fcps.edu پر، براہ راست رپورٹ کریں
- اگر آپ مجرمانہ الزامات دائر کرنا چاہتے ہیں تو مقامی پولیس کو رپورٹ کریں۔

**جنسی ہراسانی کے خلاف، ایک باضابطہ ٹائٹل IX شکائت کیسے دائر کی جا سکتی ہے؟**

- آپ کسی بھی وقت titleixcoordinator@fcps.edu پر شکائت دائر کروا سکتے ہیں۔
- آپ خود آ کر یا بذریعہ U.S. ڈاک، درج ذیل پتے پر ارسال کر سکتے ہیں:
  Office of Equity and Employment Relations
  8115 Gatehouse Road, 2nd Floor
  Falls Church, VA 22042
  فون 571-423-3070
  ای میل: titleixcoordinator@fcps.edu

**اگر میں، ایک باضابطہ ٹائٹل IX شکائت دائر نہیں کرانا چاہتا، مگر صرف FCPS کے طالب علم کا رویہ روکنا چاہتا ہوں؟**

- غیر رسمی رپورٹ جمع کرانے کی صورت میں، رویے کو مدنظر رکھتے ہوئے FCPS کی طرف سے کاروائی محدود ہو سکتی ہے۔ تاہم، اسکول میں محفوظ رہنے کے لیئے، آپ کے بچے کو ہمیشہ امدادی اقدامات کی پیشکش کی جاتی رہے گی۔
  - *امدادی اقدامات کی مثالیں* (ایک جامع فہرست نہیں):
    - کونسلنگ کا حوالہ
    - بس اسائنمنٹ میں تبدیلی
    - کلاس شیڈول میں تبدیلی
    - لاکر کی دوبارہ تفویض
    - حفاظت اور نگرانی میں اضافہ
    - افراد کے درمیان رابطے پر پابندی
- FCPS اس بات کی سختی سے سفارش کرتا ہے کہ اسکول کے عملے کے کسی بھی رکن کو کسی بھی وقت تمام واقعات کی اطلاع فراہم کی جائے۔
- واقعہ کی اطلاع کسی بھی وقت دی جا سکتی ہے۔

**کیا واقعہ کی رپورٹ کرنے یا شکائت درج کرانے سے حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں؟**

- رپورٹ کرنے یا تفتیش کا حصہ بننے کی صورت میں، FCPS آپ کے خلاف کسی بھی قسم کی منفی کاروائی کی ممانعت کرتا ہے۔ اس قسم کی دھمکی یا سزا کو انتقامی کارروائی کہا جاتا ہے۔
- جوابی کارروائی کی شکایات کی چھان بین کی جاتی ہے اور ان کے تادیبی نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

**کیا والدین اپنے بچے کی جانب سے ایک باضابطہ ٹائٹل IX شکائت جمع کروا سکتے ہیں؟**

- جی ہاں۔ FCPS کی ریگولیشن 2118 کے تحت، FCPS میں زیرتعلیم بچے کے والد/ والدہ یا سرپرست ایک باضابطہ شکائت درج کروا سکتے ہیں۔

**باضابطہ ٹائٹل IX شکائت جمع کروانے کا کیا طریقہ کار ہے؟**

1. ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر، شکایت میں شامل تمام طلباء کو امدادی اقدامات پیش کرنے کے لیئے، آپ کے اسکول پرنسپل کے ساتھ فوری طور پر کام کریں گے۔
2. ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر، شکائت کا جائزہ لیں گے اور اس بات کا اندازہ لگائیں گے کہ آیا یہ الزامات، FCPS کی ریگولیشن 2118 میں بیان کردہ جنسی ہراسانی کی تعریف پر پورا اترتے ہیں یا نہیں۔
3. اگر واقعہ جنسی ہراسانی کی سطح تک بڑھ جائے تو کیس، ٹائٹل IX کوآرڈینیٹر کے حوالے کر دیا جاتا ہے اور تفتیش شروع ہو جاتی ہے۔
4. اگر واقعہ جنسی ہراسانی کی سطح پر نہیں آتا تو معاملہ اضافی کاروائی اور تحلیل کے لیئے، اسکول کے انتظامی رکن کے پاس بھیج دیا جاتا ہے۔
5. ٹائٹل IX کے تفتیش کار تمام فریقین اور گواہوں سے رابطہ کرنے اور واقعہ سے متعلق تمام معلومات کا جائزہ لینے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔
6. جب ٹائٹل IX کے تفتیش کار کی طرف سے ثبوت اکھٹا کرنے کا کام ختم ہو جاتا ہے تو کیس، جتمی فیصلے کے لیئے، سماعتی دفتر میں بھیج دیا جاتا ہے۔ ثبوتوں کی بنیاد پر آپ ایک تحریری فیصلہ موصول کریں گے۔

**ٹائٹل IX کی کاروائی میں کتنا وقت لگتا ہے؟**

- باقاعدہ شکائت درج کروانے کے 30 کاروباری دنوں کے اندر اندر، تحقیقات ہو جانی چاہئیں۔
- کاوائی کے دوران، کسی بھی موقع پر سماعتی دفتر یا ٹائٹل IX کے کوآرڈینیٹر، فریقین کو نوٹس دے کر کسی بھی اچھے مقصد کے لیئے، وقت کی مدت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔
- FCPS اپنی پوری کوشش کرتا ہے کہ 60 کاروباری دنوں کے اندر اندر، باضابطہ شکایات کا حل نکال دیا جائے (اس میں اپیلیں شامل نہیں)۔
- پورے عمل کے دوران،امدادی اقدامات اپنی جگہ پر قائم رہتے ہیں۔

**باضابطہ ٹائٹل IX شکائت کے عمل کے دوران طالب علم کے پاس کیا حقوق ہوتے ہیں؟**

- FCPS کے انتظامی اراکین کی طرف سے عزت اور وقار کے ساتھ پیش آنے کا حق۔
- امدادی اقدامات حاصل کرنے کا حق؛ کاروائی مکمل ہونے تک سزا کا کوئی پہلو نہیں۔
- اسکول میں محفوظ رہنے کا حق۔
- پیش کردہ تمام شواہد دیکھنے کا حق۔
- کسی بھی وقت ٹائٹل IX شکائت دائر کرنے کا حق۔
- ملاقاتوں اور انٹرویو کے دوران، والدین اور ایک مشیر موجود ہونے کا حق۔
- انتقامی کارروائیوں سے آزاد ہونے کا حق۔
- FCPS کی ریگولیشن 2118 کے مطابق، باقاعدہ شکایات کے حل کا حق۔
- شکایت کے حل اور جاری کردہ کسی بھی فیصلے کے بارے میں تحریری طور پر مطلع کیا جائے۔

**اگر واقعہ ٹائٹل IX کے مطابق، جنسی ہراسانی کے زمرے میں نہیں آتا مگر پھر بھی جنسی نوعیت کا ہوتا ہے؟ یہ جنسی بد سلوکی کہلاتی ہے۔**

جنسی بد سلوکیٔ جنسی نوعیت کا نا پسندیدہ طرز عمل ہے، لیکن جنسی ہراسانی کی طرح شدید نہیں۔ جنسی بد سلوکی عام طور سے علیحدہ واقعات سے مراد ہے اور کوئی طرزعمل نہیں۔ اس میں، غیر مطلوب جنسی بے باکیاں جنسی میلان کا لحاظ کیئے بغیر کی گئی ہوں؛ جنس کی بنیاد پرعنایات لینے کی گزارشات؛ اور کوئی دوسرا جنسی نوعیت کا نامناسب زبانی، الیکڑانک یا جسمانی طرزعمل شامل ہے

*جنسی بد سلوکی کی مثالیں:*

- اسکول کے اندر، کوئی طالب علم کسی دوسرے طالب علم کا "کولہا" پکڑ لیتا ہىء
- طالب علم، کسی دوسرے طالب علم کی ایک ننگی Snapchat فوٹو موصول کرتا ہے۔
- بس پر کوئی طالب علم کسی دوسرے طالب علم کی ران پر ہاتھ لگاتا ہے۔

اس قسم کے واقعات اسکول کی سطح پر سمبھالے جاتے ہیں اس لیئے، آپ کو ان واقعات کی رپورٹ اسکول انتظامیہ سے کرنی چاہیئے۔ کسی بھی طرز عمل کی خلاف ورزی یا تادیبی کاروائی، جو پرنسپل یا سماعتی دفتر کی طرف سے جاری کی جاتی ہے، طلباء کے حقوق و ذمہ داریوں کے کتابچے، FCPS کی ریگولیشن 2601 کے مطابق ہوتی ہے